**ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی جانب سے ہنزہ گوجال کے متاثرین کیلئے فوری طور پر 10 لاکھ روپے مالیت کی امداد کا اعلان**

**ہنزہ گوجال کے متاثرین کی امداد کیلئے فوری طور پر غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان روانہ کی جائیں اور**

**متاثرین کی ہر ممکن مدد کی جائے۔الطاف حسین کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت**

**دیگر دیہات کو تباہی سے بچانے کیلئے جنگی بنیادوں پر تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں،تباہ حال دیہات کے بچوں کے اسکولوں کی فیسیں معاف کی جائیں۔**

**الطاف حسین کا حکومت سے مطالبہ**

لندن۔۔۔ 12 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہنزہ گوجال کے متاثرین کیلئے فوری طور پر 10 لاکھ روپے مالیت کی امداد کا اعلان کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ہنزہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث بننے والی مصنوعی جھیل کے نتیجے میں دو گاؤں آئین آباد اور شش کٹ پہلے ہی تباہ ہوچکے ہیں اوراب مزید دیہات کو تباہی کا سامنا ہے اور وہاں کے عوام شدید خطرات اور مشکلات سے دوچار ہیں۔انہوں نے تباہ ہونے والے دیہات کے متاثرین کی حکومتی سطح پر مناسب امداد نہ کئے جانے پر سخت افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے ہنزہ گوجال کے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کیلئے فوری طور پر 10 لاکھ روپے مالیت کی امداد کا اعلان کیا اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ ہنزہ گوجال کے متاثرین کی امداد کیلئے فوری طور پر غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان روانہ کریں اور متاثرین کی ہر ممکن مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہنزہ گوجال کے دیگر دیہات کو تباہی سے بچانے کیلئے جنگی بنیادوں پر تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں،متاثرین کی ہر طرح سے امداد کی جائے،تباہ حال دیہات کے بچوں کے اسکولوں کی فیسیں معاف کی جائیں۔

☆☆☆☆☆